’’کوئی مسلمان مرد کسی مسلمان عورت سے متنفر نہ ہو اگر اسے اس کی کوئی خصلت بری لگتی ہے تو اس کی کوئی عادت اسے پسند بھی ہو گی‘‘

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا : ’’کوئی مسلمان مرد کسی مسلمان عورت سے متنفر نہ ہو اگر اسے اس کی کوئی خصلت بری لگتی ہے تو اس کی کوئی عادت اسے پسند بھی ہو گی‘‘ یا پھر آپ ﷺ نے ''آخر'' کے بجائے "غیر" (دوسری عادت) فرمایا

[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے شوہر کو بیوی سے ایسا بغض رکھنے سے منع کیا ہے، جو ظلم، ترک اور اعراض کی جانب لے جائے کیوں کہ ہر انسان کے اندر فطری طور پر کمیاں موجود ہیں لہذا اگر اس کی کوئی عادت ناپسند ہوگی، تو کوئی دوسری عادت پسند بھی ضرور ہوگی ایسے میں جو عادت پسند ہو اس سے خوش ہو اور جو پسند نہ ہو اس پر صبر کرے اس سے خوش گوار ماحول بنے گا اور ناپسندیدگی اس حد تک نہیں بڑھے گی کے نوبت علاحدگی تک پہنچ جائے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3071